رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی®
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
کولکاتا•نئی دہلی•ممبئی•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA KOLKATA
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
●Kolkata ●New Delhi ●Mumbai ●Lucknow ●Gorakhpur ●Kanpur ●Patna ●Hyderabad ●Bangalore
KOLKATA (City) Pages: 12 ₹5/- Vol : 19 Issue : 167 ایثار • فرض شناسی • حب الوطنی • «یعنی مکمل سچ» جمعرات 13/ذی الحجہ 1445ھ شمارہ نمبر: 167 سال : 19 Thursday 20, June 2024

ریکارڈ توڑ گرمی سے لوگوں کی زندگی اجیرن ▫ ملک کے شمال مغربی حصے سب سے زیادہ متاثر

نئی دھلی، (ایجنسیاں)

اس سال شدید گرمی نے لوگوں کی زندگی کو اجیرن کر رکھا ہے۔ ملک کے بیشتر حصے گرمی سے جھلس رہے ہیں۔ خاص طور سے ملک کے شمال مغربی حصوں میں گویا آگ برس رہی ہے۔ دہلی، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں ہیٹ ویو کے حوالے سے مسلسل الرٹ جاری کیا جا رہا ہے۔ ان شہروں میں رہنے والوں نے ایسی گرمی پہلے کبھی نہیں دیکھی ہوگی۔ اس معاملے میں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ گرمی کا یہ ستم رات میں بھی جاری ہے۔ انڈین میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ (آئی ایم ڈی) کے سائنسداں انہیں 'گرم راتیں' کہتے ہیں، جو گرمی سے متاثرہ علاقوں میں محسوس کی جا رہی ہیں۔ سائنسدانوں اور ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ دن اور رات کے زیادہ درجہ حرارت کے امتزاج نے ایسے حالات پیدا کیے ہیں، جو جسم پر گرمی کا زیادہ دباؤ ڈالتے ہیں، خاص طور پر ان لوگوں کیلئے، جن کے پاس ایئر کنڈیشنر یا کولر نہیں ہیں۔ ٹھنڈے پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے اس میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق شمال مغربی ہندوستان کے نصف سے زیادہ حصے میں گزشتہ 33 دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس یا اس سے زیادہ رہا ہے۔ دہلی، پنجاب، ہریانہ اور راجستھان کے بیشتر حصوں میں 1951 کے بعد سے یہ سب سے طویل 40 ڈگری کا درجہ حرارت ہے۔ گجرات کا تقریباً نصف حصہ اور اتر پردیش کا ایک تہائی سے زیادہ حصہ بھی 1951 کے بعد بدترین گرمی کا سامنا کر رہا ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کا تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ شمالی میدانی علاقوں میں موسم گرم رہا ہے۔ راجستھان، ہریانہ، شمالی مدھیہ پردیش اور جنوبی اتر پردیش میں ایک بھی دن ایسا نہیں دیکھا گیا، جب زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے کم رہا ہو۔ الہ آباد (پریاگ راج) اتر پردیش میں سب سے زیادہ گرم شہر رہا۔ 28 مئی کو یہاں اب تک کا سب سے زیادہ درجہ حرارت 48.8 ڈگری ریکارڈ کیا گیا تھا۔ آئی ایم ڈی کے یومیہ ہیٹ ویو کے اعداد وشمار کے مطابق مغربی اتر پردیش میں مارچ 2024 سے اب تک ہیٹ ویو کے 26 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں، جبکہ مشرقی اتر پردیش میں 22 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ دہلی اور ہریانہ میں بھی گرمی کی لہر کے 23 دن ریکارڈ کیے گئے ہیں، جن میں سے زیادہ تر پچھلے ایک مہینہ میں ہوئے ہیں۔

پنجاب میں بھٹنڈہ اور ہریانہ میں روہتک دونوں ریاستوں میں اوسطاً گرم ترین مقامات رہے ہیں۔ یہاں کے 75 فیصد علاقے میں 28 سے 33 دنوں کیلئے 40 ڈگری سے زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ باڑمیر راجستھان میں 90 فیصد علاقے میں ایک دن بھی 40 سے کم کا درجہ حرارت نہیں رہا اور پچھلے مہینہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 سے 50 ڈگری کے درمیان تھا۔ ہمالیائی خطہ بھی اس سال شدید گرمی سے محفوظ نہیں رہا۔ پیر کو جموں کے کٹھوعہ میں درجہ حرارت 47.6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو جموں اور کشمیر میں کسی بھی جگہ کیلئے سب سے زیادہ ہے۔ جموں خطہ میں 18 مئی سے تقریباً ہر روز درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے اوپر جا رہا ہے۔ ہماچل میں شملہ اور دھرم شالہ اور اتراکھنڈ کے مسوری اور نینی تال کے پہاڑی مقامات پر 23 مئی سے درجہ حرارت 30 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ دیکھا جا رہا ہے۔ کچھ مقامات جیسے ہماچل میں اونا اور اتراکھنڈ میں روڑکی میں درجہ حرارت 45 ڈگری سینٹی گریڈ کے قریب ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ آئی ایم ڈی نے پیش گوئی کی ہے کہ گرمی کی لہر کے حالات کم از کم 20 جون تک جاری رہیں گے۔

نوئیڈا اور دہلی میں 22 اموات

نئی دھلی، (ایجنسیاں) راجدھانی دہلی سمیت این سی آر میں شدید گرمی جاری ہے۔ نوئیڈا کے بعد دہلی میں آج 13 لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ نوئیڈا میں گرمی کی وجہ سے 9 لوگوں کی جان چلی گئی۔ بدھ کی رات دہلی میں 12 سالوں میں سب سے گرم رات رہی اور کم سے کم درجہ حرارت 35.2 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ ضلع میں مختلف مقامات پر 9 افراد کی مشتبہ حالت میں موت ہوگئی۔ ان میں سے 5 لاشوں کی شناخت تک نہیں ہوسکی۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ افراد شدید گرمی اور لو کے باعث ہلاک ہوئے ہیں۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ ان کے جسم پر چوٹ کے نشانات نہیں ملے۔ متعلقہ تھانہ نے لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔ موت کی اصل وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد معلوم ہوگی۔ پولیس کے مطابق منگل کو نوئیڈا کے سیکٹر 125 میں واقع پرائیویٹ یونیورسٹی کے گیٹ نمبر 5 کے قریب سے کچرا اٹھانے والے نوجوان کی لاش ملی۔ اس کی شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ شام کے وقت سیکٹر 1 میں واقع ٹکسال کے قریب سے 60 سالہ شخص کی لاش ملی۔ آس پاس کے لوگوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ شدید گرمی کی وجہ سے بوڑھے شخص کی موت ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ شہر میں پچھلی گرم ترین رات جون 2012 میں ریکارڈ کی گئی تھی، جب کم سے کم درجہ حرارت 34 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا تھا۔ اس سیزن کی سب سے گرم رات دہلی میں منگل کو 33.8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ منگل کو گرمی کی وجہ سے 33 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ پولیس کے پاس ابھی تک 5 اضلاع کا ڈیٹا نہیں ہے۔ زیادہ تر ڈپٹی کمشنر آف پولیس کا کہنا ہے کہ یہ لوگ فٹ پاتھوں پر اور رات کی پناہ گاہوں میں رہتے تھے۔ ابتدائی تفتیش میں پولیس کا خیال ہے کہ ان کی موت کی وجہ گرمی ہے۔

دورانِ حج شدید گرمی سے 577 عازمین جاں بحق

مکہ مکرمہ، (ایجنسیاں) حج کے دوران تقریباً 577 عازمین جاں بحق ہوگئے، جو اس سال شدید درجہ حرارت کی وجہ سے حج میں درپیش مشکلات کی نشاندہی کرتا ہے۔ خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق منگل کو دو عرب سفارت کاروں نے اے ایف پی کو بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں کم از کم 323 مصری شامل ہیں، جن میں سے زیادہ تر گرمی سے متاثر ہوئے تھے۔ سفارت کاروں میں سے ایک نے بتایا کہ وہ تمام (مصری) گرمی کی وجہ سے جاں بحق ہوگئے، سوائے ایک کے جو ہجوم میں زخمی ہونے کے باعث انتقال کر گئے۔ ایک سفارت کار نے مزید کہا کہ کل تعداد مکہ کے المعیسم محلے میں واقع اسپتال کے مردہ خانے سے موصول ہوئی ہے۔ سفارت کاروں کا کہنا تھا کہ اس میں کم از کم 60 اردنی باشندے بھی جاں بحق ہوگئے، جو کہ عمان کی جانب سے منگل کو جاری کیے گئے 41 کے سرکاری اعداد وشمار سے زیادہ ہیں۔ قبل ازیں منگل کو مصری وزارت خارجہ نے کہا تھا کہ قاہرہ حج کے دوران لاپتہ ہونے والے مصریوں کی تلاش کے لیے سعودی حکام کے ساتھ تعاون کر رہا ہے۔ اگرچہ وزارت کے ایک بیان میں چند افراد کے انتقال کا ذکر کیا گیا ہے، لیکن انہوں نے یہ واضح نہیں کیا کہ آیا ان میں مصری شہری بھی شامل ہیں یا نہیں۔ سعودی حکام نے گرمی سے متاثرہ 2 ہزار سے زائد حاجیوں کے علاج کرنے کی اطلاع دی تھی لیکن اتوار کے بعد سے ان اعداد وشمار کو اپ ڈیٹ نہیں کیا اور نہ ہی جاں بحق ہونے والوں کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال حج کے دوران مختلف ممالک کی جانب سے کم از کم 240 عازمین کی موت کی اطلاع دی گئی تھی، جن میں زیادہ تر انڈونیشیائی شامل تھے۔

لوگوں کے کچن اور بجٹ پر بھی ہیٹ ویو کا سیدھا اثر

نئی دھلی، (ایجنسیاں) دارالحکومت دہلی سمیت شمالی ہندوستان ان دنوں شدید گرمی کا سامنا کر رہا ہے۔ اس کا براہ راست اثر اب لوگوں کے کچن اور بجٹ پر نظر آ رہا ہے۔ ہیٹ ویو کے باعث پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کئی سبزیوں کی قیمتیں دوگنی ہوگئی ہیں۔ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے باعث کھیتوں میں موجود ہری سبزیوں کے پودے بھی جل گئے ہیں، جس کی وجہ سے پیداوار پر اثر پڑا ہے۔ ایک طرف درجہ حرارت اور تیز دھوپ کی وجہ سے کھیتوں میں سبز سبزیوں کے پودے سوکھ رہے ہیں۔ دوسری طرف جو بھی سبزیاں منڈی میں پہنچ رہی ہیں، وہ بھی شدید گرمی کی وجہ سے خراب ہو رہی ہیں۔ ٹماٹر، گھیا اور لوکی کی فصلیں تباہ ہوگئی ہیں، جس کی وجہ سے مارکیٹوں میں قیمتیں 50 فیصد تک بڑھ رہی ہیں۔ دہلی-این سی آر کی سب سے بڑی منڈی آزاد پور منڈی کے تاجروں کا کہنا ہے کہ شدید گرمی کی وجہ سے ہری سبزیوں کی سپلائی میں کمی آئی ہے۔ ہماچل ٹماٹر کا 25 کلو کا کریٹ 1000 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ کرناٹک میں صورتحال ایسی ہے کہ کھیتوں سے 40 روپے کی قیمت پر ٹماٹر خریدے جا رہے ہیں۔ شملہ مرچ کی تھوک قیمت ایک ہفتہ قبل 50 سے 60 روپے فی کلو تھی۔ اب یہ 100 سے 110 روپے فی کلو ہے۔ لیموں جو پہلے 80 سے 100 روپے فی کلو فروخت ہوتا تھا، اب 160 روپے فی کلو تک پہنچ گیا ہے۔ ادرک 150 سے 170 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ پھلوں کا بھی یہی حال ہے۔ سیب، آم، انار، پپیتا، تربوز، خربوز، میٹھا چونا، ناریل پانی جیسے پھلوں کے نرخوں میں 25 سے 30 فیصد اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ ہری سبزیوں کی قیمتوں میں اضافے سے آلو کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے، لیکن رسد یکساں نہیں ہے۔ کیونکہ آلو بنیادی طور پر یوپی-بنگال سے آتا ہے۔ موسم سرما میں خراب موسم کی وجہ سے پیداوار کم تھی، جو آلو کولڈ اسٹوریج سے نکلے تھے، وہ بھی اب خراب ہو رہے ہیں۔ شدید گرمی اور گرمی کی لہر کا اثر سبز سبزیوں کے پودوں پر بھی نظر آ رہا ہے۔ سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ اس موسم میں کاشتکار کتنا ہی پانی فراہم کر دیں، لوکی اور گھیا کی بیلیں جل رہی ہیں۔ لیڈی فنگر (بھنڈی) اور ٹماٹر کے پودے بھی جل گئے ہیں۔ صبح وشام پانی دینے کے باوجود پودے زندہ نہیں رہ پاتے۔ شدید گرمی اور کم بارش کے باعث سبزیوں کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے حوالے سے ماہرین کا کہنا ہے کہ گرمی کی وجہ سے مہنگائی کی شرح بلند رہے گی۔ فروخت کنندگان کا اندازہ ہے کہ جون 2024 میں تھوک مہنگائی 3 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔ مانسون مہنگائی کی شرح کو کنٹرول کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

مختصر خبریں

کجریوال کی عدالتی حراست میں توسیع

نئی دھلی، (یو این آئی) دہلی کی ایک عدالت نے ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ منی لانڈرنگ کیس میں گرفتار دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی عدالتی تحویل میں 3 جولائی تک توسیع کر دی ہے۔ خیال رہے کہ اروند کجریوال کی عدالتی حراست کی مدت بدھ کو ختم ہو رہی تھی۔ اس وجہ سے ای ڈی نے انہیں آج دہلی کی راؤز ایونیو عدالت میں پیش کیا۔ وہ اس وقت تہاڑ جیل میں بند ہیں۔ ای ڈی نے عدالت سے مسٹر کجریوال کی عدالتی حراست میں توسیع کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ دہلی سرکار کی متنازع شراب پالیسی میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات ابھی بھی جاری ہے اور انہیں عدالتی تحویل میں رکھنے کی ضرورت ہے۔

راجیہ سبھا رکن کی بیٹی نے ایک شخص کو کار سے کچلا

چنئی، (ایجنسیاں) پنے پورش کار حادثہ کی طرح چنئی میں بھی ایک ہائی پروفائل ہٹ اینڈ رن کیس کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ اس میں بھی بالکل ویسا ہی ہوا ہے جیسا پنے کے کیس میں ہوا تھا۔ چنئی میں پیش آنے والے حادثہ میں راجیہ سبھا کے ایک رکن کی بیٹی نے فٹ پاتھ پر سوئے ہوئے ایک شخص کو اپنی بی ایم ڈبلیو کار سے روند کر بھاگ گئی۔ یہ حادثہ اتنا خوفناک تھا کہ اس شخص کی موت ہوگئی۔ پولیس نے راجیہ سبھا رکن کی بیٹی کو گرفتار بھی کیا اور حیرت کی بات یہ ہے کہ اسے پولیس اسٹیشن سے ضمانت بھی مل گئی۔ اطلاعات کے مطابق یہ واقعہ پیر (17 جون) کی رات دیر گئے اس وقت پیش آیا جب وائی ایس آر کانگریس پارٹی کے راجیہ سبھا ایم پی بیدا مستان راؤ کی بیٹی مادھوری اپنی بی ایم ڈبلیو کار سے تیز رفتاری سے جا رہی تھی۔ اس کے ساتھ اس کی ایک خاتون دوست بھی تھی۔ مادھوری نے اپنی کار چنئی کے بسنت نگر میں فٹ پاتھ پر سو رہے 24 سالہ پنٹر سوریہ پر چڑھا دی۔ پولیس افسران کے مطابق مادھوری اس حادثہ کے بعد فوراً موقع سے فرار ہوگئی۔

اروندھتی رائے کے خلاف چارج شیٹ تیار

نئی دھلی، (ایجنسیاں) مشہور مصنفہ اروندھتی رائے کے خلاف دہلی کے لیفٹیننٹ گورنر کی منظوری کے بعد غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ یعنی یو اے پی اے کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ان پر 2010 میں مبینہ طور پر اشتعال انگیز تقریر کرنے کا الزام ہے۔ اس معاملے میں اب پولیس اگلے ہفتہ چارج شیٹ داخل کر سکتی ہے۔ اطلاعات کے مطابق اروندھتی رائے کے خلاف 21 اکتوبر 2010 کو کوپرنیکس روڈ پر واقع ایل ٹی جی آڈیٹوریم میں آزادی سے متعلق منعقدہ ایک کانفرنس میں مبینہ طور پر اشتعال انگیز تقاریر کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ نئی دہلی کے میٹروپولیٹن مجسٹریٹ کی عدالت کے حکم کے بعد کشمیر کے ایک سماجی کارکن سشیل پنڈت کی شکایت پر تلک مارگ پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کی گئی۔ بعد میں کیس کو مزید تفتیش کیلئے دہلی پولیس کی کرائم برانچ کے حوالے کر دیا گیا۔ شکایت کنندہ سشیل پنڈت نے الزام لگایا تھا کہ جس موضوع پر کانفرنس کا انعقاد ہوا تھا اور تقاریر ہوئیں وہ کشمیر کو ہندوستان سے مبینہ طور پر علیحدہ کرنے کے موضوعات تھے۔

وزیراعظم کے ہاتھوں نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح

جو قومیں مضبوط انسانی اقدار پر کھڑی ہیں وہ جانتی ہیں کہ تاریخ کو زندہ کر کے بہتر مستقبل کی بنیاد کیسے رکھی جاتی ہے: مودی

راج گیر، (یو این آئی) وزیراعظم نریندر مودی نے بدھ کو کہا کہ جو قومیں مضبوط انسانی اقدار پر کھڑی ہیں، وہ جانتی ہیں کہ تاریخ کو زندہ کر کے ایک بہتر مستقبل کی بنیاد کیسے رکھی جاتی ہے۔ آج نالندہ یونیورسٹی کے نئے کیمپس کا افتتاح کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ نالندہ یونیورسٹی کا یہ نیا کیمپس ہندوستان کی صلاحیت کو دنیا کے سامنے متعارف کرائے گا۔ اس سے ظاہر ہوگا کہ مضبوط انسانی اقدار پر کھڑی قومیں قومی تاریخ کو زندہ کر کے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھنا جانتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نالندہ صرف ایک نام نہیں ہے۔ نالندہ ایک پہچان ہے، ایک اعزاز ہے۔ نالندہ ایک قدر، ایک منتر، ایک فخر، ایک کہانی ہے۔ نالندہ اس سچائی کا اعلان ہے کہ خواہ کتابیں آگ کے شعلوں میں جل جائیں، لیکن آگ کے شعلے علم کو ختم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں تیسری میعاد کا حلف اٹھانے کے بعد پہلے 10 دنوں کے اندر نالندہ جانے کا موقع ملا۔ یہ نہ صرف ان کی خوش قسمتی ہے، بلکہ وہ اسے ہندوستان کی ترقی کے سفر کی ایک اچھی علامت کے طور پر بھی دیکھتے ہیں۔

مسٹر مودی نے کہا کہ نالندہ یونیورسٹی کا دوبارہ قیام ہندوستان کے سنہری دور کا آغاز ہے۔ نالندہ صرف ہندوستان کے ماضی کی نشاۃ ثانیہ نہیں ہے۔ دنیا اور ایشیا کے کئی ممالک کا ورثہ اس سے وابستہ ہے۔ یونیورسٹی کیمپس کے افتتاح کے موقع پر اتنے ممالک کی موجودگی اپنے آپ میں بے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ساتھی ممالک نے بھی نالندہ یونیورسٹی کی تعمیر نو میں حصہ لیا ہے۔ اس موقع پر وہ ہندوستان کے تمام دوست ممالک کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ بہار کے لوگوں کو بھی مبارکباد دیتے ہیں۔ بہار جس طرح سے ترقی کی راہ پر آگے بڑھ کر اپنی شان وشوکت کو واپس لا رہا ہے، نالندہ کا یہ کیمپس اسی کیلئے ایک تحریک ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 'نالندہ کا مطلب ہے 'نا الان دادتی ایتی' نالندہ، یعنی جہاں تعلیم اور علم کا ایک نہ رکنے والا بہاؤ ہو۔ یہ تعلیم کے بارے میں ہندوستان کی سوچ ہے۔ تعلیم سرحدوں سے پرے ہے۔ اسے نفع نقصان کے نقطہ نظر سے نہیں دیکھا جاسکتا، تعلیم ہی ہمیں خیالات دیتی ہے اور شکل دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہندوستان میں ہی اعلیٰ تعلیم کیلئے بہترین تعلیمی ادارے کھل رہے ہیں۔ اب ہندوستانی تعلیمی ادارے گلوبل بن رہے ہیں۔ نالندہ یونیورسٹی کو بھی دنیا کے ہر علاقہ تک پہنچنا ہے۔ دنیا بودھ کے اس ملک کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلنا چاہتی ہے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ 'ہم سب جانتے ہیں کہ نالندہ کبھی ہندوستان کی روایت اور شناخت کا ایک متحرک مرکز تھا۔ نالندہ یونیورسٹی کے اس نئے کیمپس میں ہمیں اسی قدیم نظام کو جدید شکل میں مضبوط کرنا ہے اور مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ دنیا کے 20 ممالک سے بہت سے طلبا یہاں آنا شروع ہوگئے ہیں یہ 'واسودھیو کٹمبکم' کی ایک بہترین مثال ہے، مستقبل میں نالندہ یونیورسٹی ایک بار پھر ثقافتی تبادلے کا ایک بڑا مرکز بنے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستان میں تعلیم کو انسانیت کیلئے ہمارے تعاون کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ ہم سیکھتے ہیں، تاکہ ہم اپنے علم سے انسانیت کی بھلائی کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ 2 دن کے بعد 21 جون کو بین الاقوامی یوگا دن ہوگا۔ آج ہندوستان میں یوگا کے سیکڑوں انداز موجود ہیں۔ ہمارے رشیوں نے اس پر وسیع تحقیق کی ہوگی، لیکن یوگا پر کسی نے اجارہ داری نہیں بنائی۔ آج پوری دنیا یوگا کو اپنا رہی ہے۔ یوگا ڈے ایک عالمی جشن بن گیا ہے۔

آسام میں سیلاب کا قہر ▫ اب تک 26 کی موت

15 اضلاع کے 1.61 لاکھ سے زائد لوگ متاثر ▫ 309 گاؤں پانی میں ڈوبے

گواھاٹی، (ایجنسیاں) آسام میں سیلاب کی صورت حال مزید خوفناک ہوگئی ہے۔ 15 اضلاع کے 1.61 لاکھ سے زائد افراد اس سیلاب سے متاثر ہیں۔ سیلاب کی وجہ سے مزید 6 لوگوں کی موت ہوگئی ہے، جس کے بعد مہلوکین کی تعداد بڑھ کر 26 ہوگئی ہے۔ کریم گنج ضلع کے بدر پور علاقہ میں لینڈ سلائیڈنگ میں 3 نابالغوں سمیت 5 افراد کی موت واقع ہوگئی ہے۔ آسام ریاستی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (اے ایس ڈی ایم اے) کی رپورٹ کے مطابق ہیلاکانڈی ضلع میں سیلاب کے پانی میں ڈوبنے سے ایک شخص کی موت ہوگئی ہے۔ سیلاب کے سبب کریم گنج میں حالات انتہائی تکلیف دہ دکھائی دے رہے ہیں۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ پارتھ پروتم داس نے بتایا کہ سیلاب کی حالت اب بھی سنگین ہے۔ اے ایس ڈی ایم اے کی ڈیلی فیلڈ رپورٹ کے مطابق بکسا، بارپیٹا، درانگ، دھیماجی، گولپارہ، کریم گنج، ناگاؤں اور نل باڑی ضلعوں میں سیلاب کے سبب 1 لاکھ 5 ہزار 700 سے زائد لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ موصولہ اطلاع کے مطابق صرف کریم گنج میں ہی سیلاب سے تقریباً 95300 افراد متاثر ہوئے ہیں۔ اس کے بعد ناگاؤں ضلع میں تقریباً 5000 افراد متاثر ہوئے ہیں، جبکہ دھیماجی میں 3600 لوگ سیلاب کے پانی میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اے ایس ڈی ایم اے نے بتایا کہ فی الحال 309 گاؤں پانی میں ڈوب چکے ہیں اور ریاست بھر میں 1005.7 ہیکٹیر علاقہ میں فصل متاثر ہوئی ہے۔

جینت چودھری کو بڑا دھچکا ▫ آر ایل ڈی کے ایک اور جنرل سکریٹری نے چھوڑی پارٹی

لکھنؤ، (ایجنسیاں) جینت چودھری نے اپنی پارٹی آر ایل ڈی کو این ڈی اے میں شامل کر کے مرکزی وزارت تو حاصل کر لی ہے لیکن ان کی پارٹی کے لیڈران ان کا ساتھ چھوڑتے چلے جا رہے ہیں۔ پہلے قومی نائب صدر شاہد صدیقی، قومی جنرل سکریٹری عقیل الرحمن خان پارٹی چھوڑ چکے ہیں اور اب پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری بھوپیندر چودھری نے پارٹی کے تمام عہدوں سمیت بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ بھوپیندر چودھری نے سوشل میڈیا کے ذریعہ آر ایل ڈی سے اپنی علیحدگی کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ میں راشٹریہ لوک دل کے لیڈروں اور کارکنوں کی طرف سے دیے گئے پیار، تعاون اور احترام کیلئے شکر گزار رہوں گا۔ بھاری دل کے ساتھ آج میں راشٹریہ لوک دل کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دیتا ہوں۔ جے جوان جے کسان۔ واضح رہے کہ آر ایل ڈی کے بی جے پی کے ساتھ اتحاد کی وجہ سے پارٹی کے بہت سے لیڈران ناراض ہیں اور اسی ناراضگی کی وجہ سے وہ پارٹی چھوڑ رہے ہیں۔ این ڈی اے میں شامل ہونے کے بعد جینت چودھری کو نئی حکومت میں وزیر بنایا گیا ہے۔ وہ پہلی بار مرکزی وزیر بنے ہیں۔ انہیں این ڈی اے حکومت میں وزارت تعلیم میں وزیر مملکت بنایا گیا ہے، لیکن ان کی پارٹی کے کئی ناراض لیڈران اب مکمل بغاوت پر اتر آئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ آنے والے دنوں میں کچھ اور ناراض لیڈران آر ایل ڈی چھوڑ کر کسی دیگر پارٹی میں شامل ہوسکتے ہیں۔

بجٹ سے قبل ماہرین اقتصادیات سے سیتارمن کا مشورہ

نئی دھلی، (یو این آئی) وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے آج یہاں عام بجٹ 25-2024 کی تیاریوں کے پیش نظر سرکردہ ماہرین اقتصادیات کے ساتھ پہلی پری بجٹ بحث کی۔ وزارت خزانہ نے ایکس پر یہ معلومات دیتے ہوئے کہا کہ اس میٹنگ میں ملک کے سرکردہ ماہرین اقتصادیات نے اپنی تجاویز دیں اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر خزانہ نے اس اجلاس کی صدارت کی۔ میٹنگ میں مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ پنکج چودھری، خزانہ سکریٹری، اقتصادی امور، محصولات، مالیاتی خدمات اور کارپوریٹ امور کے محکموں کے سکریٹریز اور حکومت ہند کے چیف اکنامک ایڈوائزر نے بھی شرکت کی۔ قابل ذکر ہے کہ عام انتخابات کے پیش نظر اس بار عبوری بجٹ فروری میں پیش کیا گیا تھا۔ عام انتخابات کے بعد محترمہ سیتارمن کو دوبارہ وزارت خزانہ کا چارج ملا ہے اور انہوں نے اب مکمل بجٹ کی تیاری شروع کر دی ہے۔ نو منتخب 18 ویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس 24 جون سے شروع ہونے جا رہا ہے۔ یہ سیشن 3 جولائی تک جاری رہے گا جس میں ابتدائی طور پر لوک سبھا کے منتخب اراکین کو حلف دلایا جائے گا اور اس کے بعد لوک سبھا کے اسپیکر کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس اجلاس میں نو منتخب اراکین کی حلف برداری، اسپیکر کا انتخاب، صدر کا خطاب اور اس پر بحث ہوگی۔ راجیہ سبھا کا 264 واں اجلاس 27 جون سے شروع ہوگا اور 3 جولائی تک جاری رہے گا۔ توقع ہے کہ پارلیمنٹ کا یہ اجلاس 2 مرحلوں میں اختتام پذیر ہوسکتا ہے۔ اس کا دوسرا مرحلہ 22 جولائی سے 9 اگست تک کا ہوسکتا ہے اور اسی دوران وزیر خزانہ بجٹ پیش کریں گی اور اس پر بحث ہوگی اور اسے پاس کرایا جائے گا کیونکہ حکومت کے پاس ابھی 31 اگست تک اخراجات کیلئے پارلیمنٹ کی منظوری ہے۔ اس سے پہلے حکومت کیلئے بجٹ پاس کرانا قانونی طور پر ضروری ہوگا۔

راجیہ سبھا رکن کیساتھ CISF کے جوان کی بدسلوکی

چنئی، (ایجنسیاں) تمل ناڈو سے 'ڈی ایم کے' کے راجیہ سبھا رکن ایم ایم عبداللہ نے سی آئی ایس ایف جوان پر بدسلوکی کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کو جب وہ پارلیمنٹ جا رہے تھے تو سی آئی ایس ایف کے ایک جوان نے انہیں روکا اور پارلیمنٹ میں آنے کی وجہ پوچھی۔ رکن پارلیمنٹ نے راجیہ سبھا کے اسپیکر جگدیپ دھن کھڑ کو خط لکھ کر اس کی جانکاری دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے ساتھ اس طرح کا سلوک پہلے کبھی نہیں ہوا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میں اب بھی یقین نہیں کر پا رہا ہوں کہ مجھ سے اس انداز میں پوچھ گچھ کی گئی ہے اور اس کا مجھ پر گہرا اثر پڑا ہے۔ میرا ماننا ہے کہ ارکان پارلیمنٹ بغیر کسی سرکاری کام کے بھی پارلیمنٹ میں داخل ہوسکتے ہیں۔ میں پارلیمنٹ میں اپنے آنے کا مقصد صرف راجیہ سبھا کے چیئرمین کو بتانے کا پابند ہوں۔ رکن پارلیمنٹ عبداللہ نے دھن کھڑ سے سی آئی ایس ایف جوان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

منی پور میں 3 عسکریت پسند گرفتار ▫ اسلحہ برآمد

امپھال، (ایجنسیاں) پولیس اور سیکورٹی فورسز نے تشدد زدہ منی پور میں تین جنگجوؤں کو تینگنو پال سے گرفتار کیا۔ سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن کے دوران جدید ترین اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق اطلاع ملی تھی کہ جنگجو منی پور میں دراندازی کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کے بعد ٹینگنو پول ضلع میں ہندوستان-میانمار سرحد پر 36 گھنٹوں کے دوران آپریشن میں مختلف زیر زمین تنظیموں کے تین عسکریت پسندوں کو گرفتار کیا گیا۔ آپریشن میں کالعدم کنگلی یاول کنبہ لوپ (کے وائی کے ایل) کے دو عسکریت پسندوں اور کالعدم کنگلی پاک کمیونسٹ پارٹی (نویل گروپ) کے ایک جنگجو کو گرفتار کیا گیا۔ بندرگاہ نے کہا کہ پکڑے گئے عسکریت پسندوں کو قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ پولیس اسٹیشن کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ عسکریت پسندوں کے قبضے سے ایک اے کے 56 اسالٹ رائفل، 22 رائفلیں، ایک بندوق، دو دیسی ساختہ پراجیکٹائل لانچر، ایک چینی ہینڈ گرینیڈ اور دیگر گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکورٹی فورسز کی بس کو آگ لگا دی گئی۔ سینٹرل پیرا ملٹری فورس کے اہلکاروں کو لے جانے کے لیے استعمال ہونے والی بس کو کانگ پوکپی ضلع کے تھامس میدان میں ایک ہجوم نے آگ لگا دی۔ اس میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ یہ واقعہ پیر کی رات تقریباً 9 بجے کانگ پوکپی ضلع ہیڈ کوارٹر میں پیش آیا۔ بس دیماپور سے آ رہی تھی۔

رام مندر میں تعینات جوان کی گولی لگنے سے موت

ایودھیا، (ایجنسیاں) ایودھیا میں رام مندر کی سیکورٹی میں تعینات اسپیشل سیکورٹی فورسز کے ایک جوان کی آج صبح گولی لگنے سے موت ہوگئی۔ گولی کس طرح چلی اور جوان کو کیسے لگی، فی الحال اس سلسلے میں کچھ بھی صاف نہیں ہے۔ سیکورٹی اہلکار کو مشتبہ حالات میں گولی لگنے کی خبر ملتے ہی پولیس کے اعلیٰ افسران موقع پر پہنچے اور تحقیقات شروع کر دی۔ بتایا جا رہا ہے کہ مہلوک جوان کا نام شتروگھن وشوکرما تھا جو امبیڈکر نگر کا باشندہ تھا۔ بدھ کی صبح جب گولی چلنے کی آواز سنائی دی تو شری رام جنم بھومی احاطہ میں افراتفری کا ماحول پیدا ہوگیا۔ گولی کی آواز سن کر مہلوک جوان کے ساتھی سیکورٹی اہلکار جائے وقوع پر پہنچے تو وہ خون میں لت پت تھا۔ آناً فاناً اسے اسپتال لے جایا گیا، جہاں سے زخمی جوان کو ٹراما سنٹر ریفر کر دیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ بعد میں پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھجوا دیا ہے۔ مہلوک جوان کی عمر تقریباً 25 سال بتائی جا رہی ہے۔ اس کے گھر والوں کو جیسے ہی اس اندوہناک واقعہ کی خبر ملی، ایک کہرام سا مچ گیا۔ شتروگھن کی موت کی خبر کے بعد اہل خانہ کا رو رو کر برا حال ہے، ان کے آنسو نہیں رک رہے ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ شتروگھن کو اسپیشل سیکورٹی فورس (ایس ایس ایف) میں 2019 میں ملازمت ملی تھی۔ امبیڈکر نگر کے تھانہ سمن پور میں واقع کجپورہ گاؤں کے رہنے والے شتروگھن کی تعیناتی کچھ سال قبل رام مندر احاطہ میں ہوئی تھی۔ ایس ایس ایف کی تشکیل 4 سال قبل یوگی آدتیہ ناتھ حکومت نے مندروں کی سیکورٹی کیلئے کی تھی۔

بہر حال جوان کی موت کے بعد ایودھیا کے آئی جی اور ایس ایس پی سمیت پولیس کے تمام بڑے افسران متحرک ہوگئے ہیں۔ پولیس نے فارنسک ٹیم کو بھی جائے وقوع پر بلا لیا ہے۔ فارنسک ٹیم نے جائے وقوع پر تحقیقات شروع کر دی ہے۔ کچھ میڈیا رپورٹس کے مطابق جوان کے کچھ ساتھیوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ کچھ دنوں سے وہ پریشان چل رہا تھا۔ حادثہ سے پہلے وہ موبائل دیکھ رہا تھا۔ پولیس نے شتروگھن کے موبائل کو بھی جانچ کے لیے بھیج دیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ رام مندر کی سیکورٹی میں تعینات مزید ایک جوان کو 3 ماہ قبل گولی لگی تھی۔ اس وقت جوان کی اپنی غلطی سے گولی چل گئی تھی۔ جانچ کے بعد پتہ چلا تھا کہ بندوق صاف کرتے وقت غلطی سے ٹریگر دب گیا تھا اور گولی جوان کو لگ گئی تھی۔

انکاؤنٹر میں 2 ملی ٹینٹ ہلاک ▫ 2 سیکورٹی اہلکار زخمی

سری نگر، (یو این آئی) شمالی کشمیر کے ہادی پورہ سوپور علاقے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ تصادم میں 2 ملی ٹینٹ مارے گئے، جن کی شناخت اور تنظیمی وابستگی کے بارے میں جانچ پڑتال شروع کی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ابتدائی فائرنگ میں 2 سیکورٹی فورسز کے اہلکار زخمی ہوئے، جنہیں علاج ومعالجہ کی خاطر نزدیکی اسپتال منتقل کیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق سوپور کے ہادی پورہ علاقے میں ملی ٹینٹوں کی موجودگی کی اطلاع موصول ہونے کے بعد سیکورٹی فورسز نے بدھ کی صبح علاقے کو محاصرے میں لے کر بڑے پیمانے پر تلاشی آپریشن شروع کیا۔ ذرائع کے مطابق جوں ہی سلامتی عملے کے اہلکار مشتبہ مقام کے نزدیک پہنچے تو وہاں پر موجود ملی ٹینٹوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کی، جس کے نتیجے میں 2 سیکورٹی فورسز کے اہلکار زخمی ہوئے، جنہیں علاج ومعالجہ کی خاطر نزدیکی اسپتال منتقل کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے بھی پوزیشن سنبھال کر جوابی کارروائی کا آغاز کیا اور کچھ دیر تک جاری رہنے والی اس جھڑپ میں 2 ملی ٹینٹ مارے گئے، جن کی شناخت کیلئے کارروائی شروع کی گئی ہے۔